سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے فضائل و کرامات کا اولین مستند مجموعہ

# قلائد الجواھر

فی مناقب

## حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ


تصنیف

علامہ محمد بن یحییٰ تاذفی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

علامہ محمد عبد الستار قادری



کرماں والا بک شاپ

دوکان نمبر ۲- دربار مارکیٹ لاہور

*Voice:* **0423-7249515**

بفیضانِ کرم
حضرت سید السادات پیر محمد اسماعیل شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ
المعروف حضرت کرماں والے
آستانہ عالیہ حضرت کرمانوالہ شریف اوکاڑہ
شمیم باغ ولایت
حضرت سید محمد علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ
منظر بدر طریقت
حضرت سید محمد عثمان علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ
حضرت پیر سید غضنفر علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ
زیر نگرانی
حضرت پیر
سید صمصام شاہ بخاری
سجادہ نشین حضرت کرمانوالہ شریف
زیر نگرانی
حضرت پیر
سید میر طیب علی شاہ بخاری
سجادہ نشین حضرت کرمانوالہ شریف
الحاج صوفی
برکت علی رحمۃ اللہ علیہ
زیر سرپرستی
حاجی پیر انعام اللہ طیبی نقشبندی برکاتی
زیر اہتمام
سمیع اللہ برکت
جملہ حقوق محفوظ ہیں
اشاعت 21 دسمبر 2009
قیمت 200/- روپے

جو کہ نہایت نحیف البدن اور زرد رو تھا گزر ہوا اس نے مجھ کو سلام کیا اور اپنے نزدیک بلا کر کہا کہ مجھے اٹھا کر بٹھا لو میں سلام کا جواب دے کر اس کے پاس گیا اور اسے میں نے اٹھا کر بٹھایا تو وہ نہایت موٹا تازہ اور وجیہ خوش رنگ معلوم ہونے لگا غرض! اس کی حالت درست ہو گئی مجھے اس سے کچھ خوف سا ہوا پھر اس نے مجھ سے کہا: کہ تم مجھے جانتے ہو؟ میں نے کہا: نہیں اس نے کہا: میں دین اسلام ہوں مرنے کے قریب ہو گیا تھا کہ خدائے تعالیٰ نے مجھے تمہاری بدولت از سرِ نو زندہ کیا پھر میں اسے چھوڑ کر جامع مسجد میں آیا یہاں پر ایک شخص نے آن کر مجھ سے ملاقات کی اور مجھے یا سیّدی محی الدین کہہ کر پکارا پھر جب میں نماز شروع کرنے کے قریب ہوا تو چاروں طرف سے لوگ آ کر مجھ کو یا محی الدین کہہ کر پکارنے لگے اور میری دست بوسی کرنے لگے اس سے پہلے کبھی کسی نے مجھ کو اس نام سے نہیں پکارا تھا۔

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کا خواب میں دیکھنا

نیز آپ نے بیان فرمایا: کہ میں نے خواب دیکھا کہ گویا میں ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی گود مبارک میں ہوں اور آپ کی دائیں جانب کا دودھ پی رہا ہوں پھر آپ نے مجھے اپنی بائیں جانب کا دودھ بھی پلایا اتنے میں جناب سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے اور تشریف لا کر آپ نے فرمایا: کہ عائشہ درحقیقت یہ ہمارا فرزند ہے۔

## ایک بزرگ کی حکایت

شیخ ابو محمد الجوفی نے بیان کیا ہے کہ میں ایک وقت حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا میں اس وقت فاقہ سے تھا اور میرے اہل و عیال نے بھی کئی روز سے کچھ نہیں کھایا تھا میں نے آپ کو سلام کیا آپ نے سلام کا جواب دے کر اس وقت مجھ سے فرمایا: کہ جوفی! بھوک خدائے تعالیٰ کے خزانوں میں سے ایک